# اردو یونیورسٹی داخلہ مہم کا پرانا شہر حیدرآباد میں کامیاب انعقاد

**Mon 29 Apr 2019, 18:48:25**



**21شعبوں کے اساتذہ نے داخلے کے خواہشمند طلبہ کی برسرموقع رہنمائی کی**

حیدرآباد، 29اپریل (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی نظامت داخلہ کی زیرِ نگرانی داخلہ مہم کے تحت ایک خصوصی پروگرام آج قدیم شہر حیدرآباد کے خواجہ شوق ہال،اردو مسکن،خلوت میں نہایت کامیاب انداز میں منعقد ہوا۔ڈاکٹر شیخ مستان ولی شریف،جوائنٹ ڈائرکٹر نظامت و کنوینر مہم کے بموجب اپنی نوعیت کی منفرد مہم ڈاکٹر محمد اسلم پرویز،وائس چانسلر کی خصوصی اجازت سے منعقد کی گئی۔پہلی بار اردو یونیورسٹی،حیدرآباد کیمپس کے تقریباً تمام شعبوں کی نمائندگی کرتے ہوئے اساتذہ نے شہر حیدرآباد میں یونیورسٹی کورسس میں داخلہ کے خواہشمند امیدواروں کی برسرِ موقع رہنمائی کی۔بیسیوں امیدواروں نے رجسٹریشن کروایا۔کئی امیدواروں نے بر سرِ موقع آن لائن داخلہ فارم بھی بھرا۔اس کیلئے نظامتِ داخلہ نے ہیلپ ڈیسک کا خصوصی انتظام کیا تھا۔کیمپ کے دوران مقامی عوام بالخصوص برقعہ پوش لڑکیوں کی بڑی تعداد کو مختلف شعبوں کے کاؤنٹرس پر معلومات حاصل کرتے ہوئے دیکھا گیا۔

ڈاکٹر مستان ولی نے پروگرام کے آغاز پر بتایا کہ اس پروگرام کے انعقاد کا مقصد اردو یونیورسٹی کے کورسز کے متعلق پرانے شہر کے اردو طلبہ میں شعور بیداری ہے۔جناب محمد مصطفی علی سروری، اسوسی ایٹ پروفیسر ترسیل عامہ و صحافت نے داخلہ مہم کی افتتاحی تقریب میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اردو یونیورسٹی میں پرانے شہر حیدرآباد کے بشمول تلنگانہ سے طلبہ کی تعداد برائے نام ہے۔ اس پس منظر میں نظامت داخلہ نے پہلی مرتبہ پرانے شہر حیدرآباد میں داخلہ مہم کے ایک اہم پروگرام کو منعقد کیا ہے، جس میں اردو یونیورسٹی کے 7 اسکول اور 21 شعبوں کے تقریباً 27 اساتذہ بشمول پروفیسرس، اسوسی ایٹ پروفیسرس اور اسسٹنٹ پروفیسرس نے اردو میڈیم کے طلبہ اور دینی مدارس کے طلبہ کی یونیورسٹی میں داخلوں کے متعلق رہبری کی۔

جناب محمد مصطفی علی سروری نے مزید کہا کہ اردو یونیورسٹی دراصل اردو میڈیم کے طلبہ کے لیے اعلیٰ تعلیم کا ایک اہم اور واحد ایسا مرکز ہے جہاں پر مختلف پروفیشنل اور روایتی کورسزمیں ڈاکٹریٹ تک کی تعلیم حاصل کی جاسکتی ہے۔

پرنسپل پالی ٹیکنیک ڈاکٹر محمد یوسف خان نے بھی اردو یونیورسٹی کے پرانے شہر میں منعقدہ اس پروگرام کی افتتاحی تقریب کو مخاطب کیا۔ انہوں نے کہا کہ اردو میں پالی ٹیکنیک کورس کرنے کے بعد یونیورسٹی کے کئی طلبہ نے سرکاری اور غیر سرکاری شعبوں میں ملازمتیں حاصل کیں۔ قبل ازیں ڈاکٹر شمس الہدیٰ دریاآبادی ، اسوسی ایٹ پروفیسر اردو کی قرا ئت کلام پاک سے پروگرام کا آغاز ہوا۔ پرانے شہر حیدرآباد میں اپنی نوعیت کے اس منفرد پروگرام میں اردو یونیورسٹی سے حصول تعلیم کے متعلق طلبہ برادری نے کافی دلچسپی کا مظاہر ہ کیا اور کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اس پروگرام کے کامیاب انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے مانو المونائی اسوسی ایشن کے صدر اعجاز علی قریشی نے اپنے کارکنوں کے ساتھ حصہ لیا۔ واضح رہے کہ انٹرنس کی اساس کے کورسس کی آخری تاریخ یکم مئی ہے اور میرٹ کی بنیاد پر کورسز میں آن لائن درخواست داخل کرنے کی آخری تاریخ 30 جون ہے۔مزید تفصیلات کے لیے یونیورسٹی ویب سائٹ www.manuu.ac.in پر دیکھی جاسکتی ہیں۔






Posted at: Apr 29 2019 6:38PM

# MANUU organises successful admission campaign in Old City, Hyderabad

Hyderabad, Apr 29 (UNI) Maulana Azad National Urdu University (MANUU) successfully organized admission campaign in old city of Hyderabad on Monday.

Dr Shaik Mastan Vali, Joint Director and Convenor stated that scores of aspirants registered during the campaign and many of them applied online using the facility at the help desk. Teachers from different departments of the University were available at Urdu Maskan, Khilwat from 1000 hours onwards. Scores of people mostly burqa clad girls were seen enquiring about different courses. **Please log in to get detailed story.**

## UNI Photo



JNI):- Principal Chief Tex Pramod Kumar Gupta ing Outreach

HYDERABAD, APR 29 (U Commissioner of Income (Exemptions)New Delhi IRS and others participat

## Other Links

**UNIVARTA (News Agency)**
Indian News Agency

**UNI-Urdu Service(News Agency)**
Indian News Agency

**Newswrap**

**Newswrap1**

## More News

### Two killed as earth caves in while mining in Kakinada

29 Apr 2019 | 9:44 PM

Kakinada, Apr 29 (UNI) Two workers were killed when earth caved in while they were busy mining the sand on the river bed of Tandava river near Upparagudem on the outskirts of Tuni town on Monday.

see more..

### Outreach programme on Taxation of Charitable Organisations held in Hyderabad

29 Apr 2019 | 9:29 PM

Hyderabad, Apr 29 (UNI) The Commissioner of Income Tax (Exemptions), Andhra Pradesh, Telangana and Odisha organised an 'Outreach Programme on Taxation of Charitable Organisations' at Amaravathi Auditorium, Mehdi Manzil, Banjara Hills, here on Monday.

see more..

### Chief Secretary should be held responsible for peoples plight: Chinarajappa

29 Apr 2019 | 8:58 PM

Kakinada, Apr 29 (UNI) Deputy Chief Minister and Minister for Home Nimmakayala Chinarajappa has blamed the present Chief Secretary L V Subrahmanyam for preventing the elected peoples representatives from discharging of their duties under the pretext of election code.

see more..

### KCR must operate from Secretariat: Congress

29 Apr 2019 | 8:16 PM

Hyderabad, Apr 29 (UNI) The Congress party on Monday proposed amendments in relevant laws to make Telangana Chief Minister K Chandrashekhar Rao accountable and accessible to the people in the State.

see more..

### 2 186 Kg gold worth Rs 72 lakhs seized by Customs at chennai Airport, one arrested

29 Apr 2019 | 8:04 PM

Chennai, Apr 29 (UNI) Customs officials at Chennai International airport have detected six cases based on specific intelligence of gold smuggling and seized 2.

see more..

YaHind.com

Published on Apr 29 2019 - Hyderabad - -

# MANUU organizes successful admission campaign in old city

**Hyderabad:**

Maulana Azad National Urdu University has successfully organized admission campaign today in old city of Hyderabad.

According to Dr. Shaik Mastan Vali, Joint Director and Convenor, scores of aspirants registered during the campaign and many of them applied online using the facility at the help desk.

Teachers from different departments of the University were available at Urdu Maskan, Khilwat from 10 am onwards. Scores of people mostly burqa clad girls were seen enquiring about different courses.

MANUU with its Headquarters at Hyderabad, has for the first time organised such mass admission campaign in the old city of Hyderabad, which was well received.

Dr. Mohd Yousuf Khan, Principal Polytechnic, Prof Mohammad Faryad, Mr. Mustafa Ali Sarwari and Mr. Aijaz Ali Quraishi, president MANUU Alumni Association took active part in organizing the campaign.

Meanwhile, the last date for online submission of application forms for entrance based courses in MANUU is 1st May 2019. Application submission for Merit based courses will continue till 30th June. University is offering admissions in it's various campus based courses at Hyderabad, Lucknow, Srinagar campuses beside Colleges of Teacher Education and Polytechnics. For more details logon to University website www.manuu.ac.in

# MANU University organizes successful admission campaign in old city

Published on Apr 29 2019 | Updated on Apr 29 2019



Maulana Azad National Urdu University has successfully organized admission campaign today in old city of Hyderabad.

According to Dr. Shaik Mastan Vali, Joint Director and Convenor, scores of aspirants registered during the campaign and many of them applied online using the facility at the help desk.

Teachers from different departments of the University were available at Urdu Maskan, Khilwat from 10 am onwards. Scores of people mostly burqa clad girls were seen enquiring about different courses.

MANUU with its Headquarters at Hyderabad, has for the first time organised such mass admission campaign in the old city of Hyderabad, which was well received.

Dr. Mohd Yousuf Khan, Principal Polytechnic, Prof Mohammad Faryad, Mr. Mustafa Ali Sarwari and Mr. Aijaz Ali Quraishi, president MANUU Alumni Association took active part in organizing the campaign.

Meanwhile, the last date for online submission of application forms for entrance based courses in MANUU is 1st May 2019. Application submission for Merit based courses will continue till 30th June. University is offering admissions in it's various campus based courses at Hyderabad, Lucknow, Srinagar campuses beside Colleges of Teacher Education and Polytechnics. For more details logon to University website www.manuu.ac.in

DECCAN CHRONICLE 30 APR 2019

# ADMISSION DRIVE GETS POOR RESPONSE

DC CORRESPONDENT
HYDERABAD, APRIL 29

The Maulana Azad National Urdu University's (MANUU) admission drive on Monday saw less than 40 students enrol for its courses. Among those enrolled, doctoral courses proved to be the dominant choice.

The university, which conducted the admission campaign on Monday, saw aspirants register and apply for courses online from the help desk. Professors too were available to clarify doubts about courses.

Dr Mohd Yousuf Khan, Principal, Polytechnic, Prof Mohammad Faryad, Mustafa Ali Sarwari and Aijaz Ali Quraishi, president MANUU Alumni Association took part in organising the campaign.

Member Advisory Committee, Directorate of Examinations, Mr Mustafa Ali Sarwari said most of the students desired to do their doctoral courses in various streams from the University. Students showed interest in linguistic and social science courses than science courses.

While the last date to submit application forms for entrance based courses is May 1, the application for merit-based courses can be submitted till June 30.

DC

راشٹریہ سہارا

30 APR 2019

# قرآن مجید تا قیامت سرچشمہ ہدایت

## ہر روز قرآن مجید سمجھ کر پڑھنے کا معمول بنائیں: ڈاکٹر محمد اسلم پرویز



محبوب نگر، (ایس این بی) سید سجاد احمد کرسپانڈنٹ کی اطلاع کے بموجب المدینہ کالج میں توسیعی لکچر بعنوان ”قرآن اور سائنس“ کا اہتمام کیا گیا۔ ڈاکٹر محمد اسلم پرویز عرف مآب شیخ الجامعہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی حیدرآباد مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت فرمائی۔ الحاج محمد عبدالقدیر آمنہ پوری صدر مدینہ ایجوکیشن سوسائٹی نے صدارت فرمائی۔ پروگرام کا آغاز حافظ ریحان متعلم بی ایڈ کی قرآن پاک سے ہوا۔ ڈاکٹر بشیر احمد پرنسپل نے مہمان خصوصی، اراکین سوسائٹی، اساتذہ طلباء وطالبات معزز شرکہ اولیائے طلباء کا استقبال کیا۔ خطبہ استقبالیہ میں انہوں نے ڈاکٹر محمد اسلم پرویز کی 35 سالہ تدریسی تحقیقی اور اشاعت دن کی خدمات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر محمد اسلم پرویز قرآن مجید، سائنس اور تعلیم کے میدان کے انٹرنیشنل اسکالر ہیں۔ انہوں نے تقریباً زائد از 17 ممالک بشمول امریکہ، برطانیہ، ترکی، عرب امارات، کویت، سعودی عربیہ، مراقش، اردن وغیرہ کے مختلف شہروں میں اسلام اور سائنس کے عنوان سے اپنے کلیدی خطبے پیش کئے ہیں۔ المدینہ کالج کے وسیع وعریض آڈیٹوریم میں طلباء وطالبات کے علاوہ اساتذہ اور شہر محبوب نگر کے دیگر تعلیمی سوسائٹیز کے عہدیدار اور دانشوران کی تقریباً 400 کی تعداد موجود تھی۔ ڈاکٹر محمد اسلم پرویز نے اپنے خطاب کا آغاز سورہ حلق، سورہ قصص کی آیتوں سے کیا۔ انہوں نے کہا علم کا حاصل کرنا ہر ایک پر فرض ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہر بچہ کے اندر صلاحیتیں پوشیدہ رکھی ہیں ان صلاحیتوں کو فروغ دینے اور نشو ونما کرنے میں والدین اور اساتذہ کا اہم رول ہوتا ہے، ٹیچنگ اور پیارنٹنگ کوئی معمولی ذمہ داری نہیں اگر صحیح انداز میں والدین اور اساتذہ اپنی اپنی ذمہ داریوں کو پورا کریں گے، تو یہ بچے سماج کا بہترین حصہ بن سکتے ہیں ورنہ وہ کیڑے مکوڑوں کی طرح بن جائیں گے۔ قرآن مجید کی مختلف آیات کے حوالہ سے انہوں نے مومن کی ذمہ داریوں کو اجاگر کیا اور خاص طور پر قرآن مجید روزانہ سمجھ کر پڑھنے کی تاکید کی، ماہ رمضان میں خصوصی اہتمام کی تلقین کی۔ مزید انہوں نے کہا کہ اسلام ایک مکمل دین ہے، قرآن مجید مکمل ضابطہ حیات ہے اور ہمارے نبی حضور محمد مجسم قرآن ہیں۔ اس موقع پر امتیاز اسحاق جنرل سکریٹری، سید سجاد احمد کرسپانڈنٹ، ڈاکٹر سید فرید الدین نائب صدر، غفار احمد معتمد نشرو اشاعت، ابو صدیقی، حاجی رشید، مظفر کے علاوہ اردو یونیورسٹی سے ڈاکٹر عابد معز، ڈاکٹر انیس احسان آعظمی، ڈاکٹر سادات شریف، ڈاکٹر مظفر حسین خان، علماء کرام، معززین شہر موجود تھے۔ الحاج محمد عبدالقدیر صدر مدینہ سوسائٹی نے مہمان خصوصی کے خطاب پر تبصرہ پیش کیا۔ محمد امتیاز اسحاق جنرل سکریٹری مدینہ ایجوکیشنل سوسائٹی نے کلمات شکر پیش کئے۔

رہنمائے دکن

# قرآن مجید تا قیامت سرچشمہ ہدایت

## ہر روز قرآن مجید سمجھ کر پڑھنے کا معمول بنائیں‘ ڈاکٹر محمد اسلم پرویز

محبوب نگر 29 راپریل (نامہ نگار) سید سجاد احمد کرسپانڈنٹ کی اطلاع کے بموجب المدینہ کالج میں توسیع لکچر بعنوان قرآن اور سائنس“ کا اہتمام کیا گیا۔ ڈاکٹر محمد اسلم پرویز عزت مآب شیخ الجامعہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی حیدرآباد مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ جناب الحاج محمد عبدالقدیر آمنہ پوری صدر مدینہ ایجوکیشنل سوسائٹی نے صدارت کی۔ پروگرام کا آغاز حافظ ریحان کی



قرأت کلام پاک سے ہوا۔ ڈاکٹر بشیر احمد پرنسپل نے مہمان خصوصی اراکین سوسائٹی اساتذہ طلباء وطالبات معزز شرکہ اولیاء طلباء کا استقبال کیا۔ خطبہ استقبالیہ میں انہوں نے ڈاکٹر محمد اسلم پرویز کی 35 سالہ تدریسی تحقیقی اور اشاعت دین کی خدمات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر محمد اسلم پرویز قرآن مجید سائنس اور تعلیم کے میدان کے انٹرنیشنل اسکالر ہیں۔ ڈاکٹر محمد اسلم پرویز نے اپنے خطاب کا آغاز قرآنی آیتوں سے کیا۔ انہوں نے کہا کہ علم کا حاصل کرنا ہر ایک پر فرض ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہر بچہ کے اندر صلاحتیں پوشیدہ رکھی ہیں۔ ان صلاحیتوں کو فروغ دینے اور نشو ونما کرنے میں والدین اور اساتذہ کا اہم رول ہوتا ہے۔ اس موقع پر جناب امتیاز اسحاق جنرل سکریٹری، جناب سید سجاد احمد کرسپانڈنٹ، ڈاکٹر سید فرید الدین نائب صدر، جناب غفار احمد معتمد نشرواشاعت، جناب ابو صدیقی، جناب حاجی رشید، جناب مظفر کے علاوہ اردو یونیورسٹی سے ڈاکٹر عابد معز، ڈاکٹر انیس احسان آعظمی، ڈاکٹر سادات شریف ودیگر کے علاوہ علماء کرام، معززین شہر موجود تھے۔ جناب الحاج محمد عبدالقدیر صدر مدینہ سوسائٹی نے مہمان خصویس کے خطاب پر تبصرہ پیش کیا۔ جناب محمد امتیاز اسحاق جنرل سکریٹری مدینہ ایجوکیشنل سوسائٹی نے کلمات تشکر پیش کئے۔

Scanned with CamScanner